**19-07-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 سرکار پیر سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس میں 6 نئے بل پیش کرے گی، جس میں قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے سے متعلق قانون میں ترمیم کا بل بھی شامل ہے۔

2 بھارت نے سال 2030 تک پانچ کھرب ڈالر کا الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ کا نشانہ مقرر کیا ہے۔

3 خارجہ سکریٹری وکرم مِسری آج بھوٹان کے دو دن کے دورے پر جارہے ہیں۔

4 یوروپی پارلیمنٹ نے یوروپی کمیشن کی صدر کے طور پر پانچ سال کی دوسری مدت کیلئے جرمنی کی Ursula Von Der Leyen's کی امیدواری کو منظوری دے دی ہے۔

5 سرکار آج نئی دلّی میں ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کی نشاندہی کیلئے کھیلو انڈیا پہل کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرنے والی ہے۔

6 اور کرکٹ میں، سری لنکا کے شہر Dambulla میں خواتین کے ایشیا کپ ٹی-ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں موجودہ چمپئن بھارت، پاکستان کے خلاف میچ کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

## Parliament Bills

سرکار پیر سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس میں 6 نئے بل پیش کرے گی، جس میں قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے سے متعلق قانون میں ترمیم کا بل بھی شامل ہے۔ مالی بل کے ساتھ ساتھ سرکار نے 1934 کے ہوائی جہازوں سے متعلق ایکٹ کی جگہ 'بھارتیہ وایو یان ودھیک 2024' پیش کرنے کا اعلان کیا ہے تاکہ شہری ہوا بازی کے شعبے میں کاروبار کرنے میں سہولت کی خاطر متعلقہ دفعات کو شامل کیا جاسکے۔ لوک سبھا سکریٹریٹ نے کل شام جو پارلیمنٹ بلیٹن جاری کیا ہے، اُس میں اِن بلوں کی فہرست کا تذکرہ ہے۔

پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس پیر کو شروع ہو رہا ہے اور یہ اگلے مہینے کی 12 تاریخ تک جاری رہے گا۔

وزیرخزانہ نرملا سیتارمن منگل کے روز مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔ اجلاس کے دوران جو بل منظوری کیلئے پیش کیے جائیں گے، اُن میں آزادی سے قبل کے دور کے قانون کی جگہ لینے والا Boilers بل، کوفی کے فروغ سے متعلق بل اور رَبَر کے فروغ سے متعلق بل شامل ہیں۔

اِدھر لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے ایوان کے کام کاج سے متعلق صلاحکار کمیٹی تشکیل دی ہے جو پارلیمانی ایجنڈہ طے کرتی ہے۔ جناب اوم برلا اِس کمیٹی کی صدارت کریں گے۔

مذکورہ کمیٹی میں ترنمول کانگریس کے سدیپ بندیوپادھیائے، بی جے پی کے PP Chaudhray، تیلگو دیشم پارٹی کے Lavu Sri Krishna Devarayalu، بی جے پی کے نشی کانت دوبے، کانگریس کے گورو گوگوئی، بی جے پی کے سنجے جیسوال، جے ڈی یو کے Dileshwar Kamait، بی جے پی کے Bhartruhari Mahtab، ڈی ایم کے پارٹی کے دیاندھی مارن، بی جے پی

کے Baijayant Panda،شیوسینا UBT، کے اروند ساونت،کانگریس کے Kodikunnil Suresh،بی جے پی کے انوراگ ٹھاکر اور سماجوادی پارٹی کے لال جی ورما ممبر ہوں گے۔ x

Niti Aayoug

بھارت نے سال 2030 تک مالیت کے اعتبار سے الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ شعبے میں پانچ کھرب ڈالر کا نشانہ مقرر کیاہے۔ اِس میں ساڑھے تین کھرب ڈالر تیار سامان سے اور ڈیڑھ کھرب ڈالر کل پُرزوں کی مینوفیکچرنگ سے حاصل ہوں گے۔

نیتی آیوگ کے وائس چیئرمین Suman Bery نے کل نئی دلّی میں ایک رپورٹ جاری کی، جس کا عنوان تھا ''الیکٹرانکس اور عالمی Value Chains میں بھارت کی شرکت''

مذکورہ رپورٹ میں بھارت کے الیکٹرانکس شعبے کا تفصیلی تجزیہ کیا گیا ہے اور اِس کے امکانات، صلاحیت اور چیلنجوں پر زور دیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ مخصوص نوعیت کے اقدامات کا خاکہ بھی پیش کیا گیا ہے تاکہ بھارت الیکٹرانکس شعبے کیلئے ایک بڑے عالمی مینوفیکچرنگ مرکز کے طور پر ابھرسکے۔ x

FS Bhutan

خارجہ سکریٹری وِکرم مسری آج سے بھوٹان کے دو روزہ سرکاری دورے پر رہیں گے۔ خارجہ سکریٹری کا عہدہ سنبھالنے کے بعد اُن کا یہ پہلا غیر ملکی دورہ ہے۔ اپنے دورے میں جناب مسری بھوٹان کے شاہ سے ملاقات کریں گے۔ وہ بھوٹان کے وزیراعظم، وزیرخارجہ اور غیر ملکی تجارت کے وزیر، بھوٹان کے اپنے ہم منصب اور بھوٹان کی شاہی حکومت کے دیگر سینئر عہدیداران سے بھی ملاقات کریں گے۔ دونوں ملکوں کے خارجہ سکریٹری بھارت-بھوٹان کی ترقی سے متعلق اشتراک پر بات چیت کی مشترکہ طور پر صدارت بھی کریں گے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ یہ دورہ بھارت اور بھوٹان کے درمیان اعلیٰ سطح کے مسلسل رابطوں کی روایت سے مطابقت رکھتا ہے اور پڑوس مقدم کی حکومت کی اعلیٰ ترین ترجیح کو اُجاگر کرتا ہے۔x

NHAI Double Charge

شاہراہوں سے متعلق بھارت کی قومی اتھارٹی NHAI اُن گاڑیوں سے دوگُنا محصول وصول کرے گی، جن میں سامنے کی طرف FASTag چِسپاں نہیں ہیں۔ اتھارٹی نے کہاہے کہ windscreen پر دانستہ طور پر FASTag نہ لگانے سے ٹول پلازہ مراکز پر غیر ضروری تاخیر ہوتی ہے، جس سے وہاں سے گزرنے والے لوگوں کو بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتاہے۔x

Rijiju Lok Samvardhan Parv

اقلیتوں کے امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کل نئی دلی میں 'لوک سموردھن پروٗ کا آغاز کیا۔ لوک سموردھن پرو کا انعقاد اس ماہ کی 16 سے 31 تاریخ تک مرکزی حکومت کے سو دن کے کام کاج کے منصوبے کے تحت اسکیموں، پروگراموں اور وزارت کی حصولیابیوں کو بتانے کیلئے کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ وزارت سبھی اقلیتی برادریوں کی بہبود اور انہیں اصل دھارے میں لانے کیلئے پرعزم ہے۔

Rural Entrepreneurs

بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں MSME کے وزیر جیتن رام مانجھی نے کہا ہے کہ دیہی صنعتکاروں کو بااختیار بنانا MSME سیکٹر کی مجموعی ترقی کو یقینی بنانے کی کلید ہے۔ جناب مانجھی نے یہ بات نئی دلی میں ہنرمندی کے فروغ سے متعلق نئے تربیتی پروگرام کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔ یہ پروگرام کاروباری افراد کو اُن کے متعلقہ شعبوں میں ترقی کی منزلیں طے کرنے کیلئے ضروری مہارتوں اور علم سے آراستہ کرنے کیلئے وضع کئے گئے ہیں۔ وزیرموصوف نے کہا کہ MSME سیکٹر بھارت کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

EU Chief Von Der Leyen

یوروپی پارلیمنٹ نے یوروپی کمیشن کی صدر کے طور پر پانچ سال کی دوسری مدت کیلئے جرمنی کی Ursula Von Der Leyen's کی امیدواری کو منظوری دے دی ہے۔ 720 ارکان پر مشتمل ایوان میں
Von Der Leyen کو 401 ووٹ ملے، جو یوروپی یونین کے ایگزیکیٹیو ادارے کی سربراہ کی حیثیت سے اپنی پوزیشن برقرار رکھنے کیلئے درکار اکثریت سے بھی زیادہ ہیں۔ خفیہ ووٹنگ میں 284 ارکان نے اُن کی مخالفت میں‌ووٹ دیا۔ اِس سے پہلے کل محترمہ Von Der Leyen نے یوروپی پارلیمنٹ سے خطاب کیا اور اگلے پانچ سال کیلئے اپنی ترجیحات کا خاکہ پیش کیا۔

S/B- 815 Ursula Green Deal

US Trump

ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکہ کے Milwaukee میں ریپبلکن پارٹی کے قومی کنونشن میں باضابطہ طور پر صدارتی امیدواری کو قبول کیا۔ وہ یہاں فی الحال ایک اجتماع سے خطاب کررہے ہیں۔

SB Trump

پچھلے ہفتے ایک قاتلانہ حملے میں بچ جانے کے بعد جناب ٹرمپ کی یہ پہلی عوامی تقریر ہے۔

Shah Narcotics

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے منشیات کی روک تھام سے متعلق قومی ہیلپ لائن MANAS 1933 کا آغاز کیاہے۔ اِس کے ذریعے لوگ منشیات کی اسمگلنگ کے بارے میں جانکاری فراہم کرسکتے ہیں اور ساتھ ہی نشے کی لت چھڑانے اور باز آبادکاری کیلئے دن رات منشیات کے کنٹرول سے متعلق قومی بیورو سے اپنی شناخت ظاہر کیے بغیر رجوع کرسکتے ہیں۔ جناب امت شاہ نے کل شام نئی دلّی میں منشیات کی روک تھام سے متعلق رابطہ مرکز کی ساتویں اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی۔ x

Arunachal Session

اروناچل پردیش اسمبلی کا بجٹ اجلاس آج شروع ہورہاہے۔ اقتدار میں واپس آنے کے بعد Pema Khanduسے کی زیرقیادت ریاستی سرکار اپنا پہلا بجٹ پیش کرے گی۔
ریاست کے نائب وزیراعلیٰ Chowna Mein نئے مالی سال کا ریاستی بجٹ پیش کریں گے، جن کے پاس خزانے کا محکمہ بھی ہے۔

Amarnath Yatra Jammu

چار ہزار 821 یاتریوں کا ایک اور جتھہ آج صبح سویرے جموں میں بھگوتی نگر یاتری نواس کے بنیادی پڑاؤ سے کشمیر وادی روانہ ہوا جہاں سے وہ امرناتھ گپھا میں درشن کیلئے اپنے آگے کے سفر پر جائے گا۔ یہ یاتری 150 گاڑیوں کے قافلے میں روانہ ہوئے۔ اِن میں سے ایک ہزار 731 یاتری بالتل کیلئے جبکہ 3 ہزار 90 یاتری پہلگام کے بنیادی پڑاؤ کیلئے روانہ ہوئے۔X

J&K LG

جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل Haar Bah کے موقع پر جنوبی کشمیر کے اننت ناگ ضلع میں ماتا سِدھ لکشمی استھاپن، لوک بھون میں پوجا ارچنا کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے سبھی کی خیرو عافیت اور جموں وکشمیر میں امن و خوشحالی کی پرارتھنا کی۔

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے گجرات، گوا، مہاراشٹر، آندھراپردیش اور تلنگانہ میں آج شدید بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Adarsh

موسمیات محکمے کے مطابق گجرات، ساحلی اور جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں اور ساحلی آندھرا پردیش میں آج تیز بارش ہونے کا امکان ہے جبکہ گوا، مدھیہ مہاراشٹر اور تلنگانہ میں شدید بارش کا سلسلہ کل تک جاری رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ اِدھر مدھیہ پردیش، وِدربھ، چھتیس گڑھ، اڈیشہ اور شمالی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں اگلے چار دن تک تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔ ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور مشرقی راجستھان میں بھی اگلے چار دن کے دوران اسی طرح کا موسم رہے گا۔

دلّی سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں شمیم عرفان

Telangana Rain

تلنگانہ میں قدرتی آفات کی صورت میں کارروائی کرنے والی قومی فورس NDRF کے اہلکاروں نے دو ہیلی کاپٹروں کی مدد سے بھدرادری Kothagudem ضلع میں پھنسے ہوئے 28 افراد کو بچا لیا ہے۔ حکام کے مطابق موسلادھار بارش کے بعد گوداوری طاس کے سیلاب کے پانی کے تناظر میں یہ لوگ نارائن پورم گاؤں کے ایک مندر میں پھنس کر رہ گئے تھے۔ پانی کی سطح میں اضافہ ہونے کے بعد یہ لوگ درختوں پر چڑھ گئے تھے اور مدد کا انتظار کر رہے تھے۔

Maha Accident

مہاراشٹر میں کل جالنا ضلع میں ایک سڑک حادثے میں کم سے سات افراد ہلاک اور سات دیگر زخمی ہوگئے۔ Pandharpur سے عقیدت مندوں کو لے کر جانے والی ایک گاڑی جالنا-راجور سڑک پر شیوشکتی آشرم کے قریب ڈرائیور کا کنٹرول کھونے کے بعد ایک کچے کنویں میں گرگئی۔

Bangladesh Protests

بنگلہ دیش میں سرکاری نوکریوں کیلئے کوٹا نظام میں اصلاحات کا مطالبہ کرتے ہوئے طلبہ کے احتجاج پر تشدد راجدھانی ڈھاکہ اور دیگر مقامات پر پھیل گیا ہے۔ڈھاکہ اور دیگر شہروں کے یونیورسٹی کے طلبہ کچھ سرکاری نوکریوں کو اُن جنگی سورماؤں کے متعلقین کیلئے مختص کرنے کے خلاف کئی دنوں سے ریلیاں کررہے ہیں، جنہوں نے 1971 میں پاکستان سے ملک کی آزادی کی جنگ لڑی تھی۔

Mandaviya Kirti

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا آج نئی دلی میں حکومت کی کھیلو انڈیا Rising Talent Identification(Kirti) پہل کے دوسرے مرحلے کا آغاز کریں گے۔ وزارت نے کہاہے کہ Kirti کی شروعات، جدید ICT آلات اور عالمی سطح پر بہترین طورطریقوں پر مبنی جامع طور پر ہنر کی شناخت کئے جانے کی خاطر طریقہ کار تیار کرنے کیلئے کی گئی ہے۔ اس نے مزید کہا کہ اس پہل کا مقصد ایک واحد پلیٹ فارم پر زمینی سطح پر ہنر کی شناخت کئے جانے کے عمل کو آسان بنانا ہے۔ اس پروجیکٹ کا مقصد اس میں شامل سبھی ریاستوں میں 2024-25 میں 20 لاکھ افراد کا جائزہ لینا ہے۔

اس سے قبل اس سال 12 مارچ کو چنڈی گڑھ میں Kirti کے پہلے مرحلے کا آغاز کیاگیاتھا، اِس میں 70 مراکز پر تین لاکھ 62 ہزار 683 اندراج کرائے گئے تھے۔

Womens Cricket Asia Cup

خواتین کے ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں آج سری لنکا کے Dambulla میں دفاعی چمپئن بھارت اپنے روایتی حریف پاکستان کے ساتھ مقابلے سے اس ٹورنامنٹ میں اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ ٹورنامنٹ کا آغاز بھارتی وقت کے مطابق دوپہر دوبجے گروپ اے میں یو اے ای اور نیپال کے درمیان افتتاحی میچ سے ہوگا۔

بھارت اور پاکستان کے درمیان میچ شام سات بجے سے کھیلا جائے گا۔
بھارت نے 2022 میں پچھلا خواتین کا ایشیا کپ جیتا تھا اور اُس کے نام کُل سات ایشیا کپ جیتنے کا ریکارڈ ہے۔

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمدعمار
شکریہ -ارجمند

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے، شہر اور سینٹر کی سطح پر جاری کئے جائیں نیٹ یوجی امتحان کے نتائج۔ نیٹ یوجی پر تیسری سماعت 4 گھنٹے تک چلی، اگلی سماعت 22 جولائی کو، لاکھوں طلبہ کررہے ہیں فیصلے کا انتظار: سپریم کورٹ

روزنامہ پرتاپ کی شہ سرخی ہے، یوپی کے گونڈہ میں چنڈی گڑھ ڈبروگڑھ ایکسپریس کے کئی ڈبے پٹری سے اترے، چارمسافروں کی موت۔ ریلوے نے مرنے والوں کے لواحقین کیلئے دس لاکھ معاوضے کااعلان کیا۔روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی اہم خبر ہے، عام بجٹ میں ٹیکس اصلاحات اور روزگار پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کرنے کا تقاضا،صنعتی تنظیم فکّی نے رواں مالی سال میں جی ڈی پی کی اوسط شرح نمو سات فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا۔

اخباروں نے سپریم کورٹ میں دو ججوں کی تقرری کی خبر کو بھی صفحہ اول پر شائع کیاہے۔ روزنامہ ملاپ تحریر کرتا ہے، جسٹس این کوٹیشورسنگھ اور جسٹس آر مہادیون نے سپریم کورٹ کے ججوں کے طور پر حلف لیا۔ چیف جسٹس چندرچوڑ نے حلف دلایا۔اسی اخبار کی ایک اہم خبر ہے یوم آزادی کے پیش نظر دلی پولیس کے ہائی ٹیک حفاظتی انتظامات۔ دلی کی سیکورٹی میں اضافہ، اسنائپرز اور چہرے کی شناخت کرنے والے سی سی ٹی وی کیمرے لگائے جائیں گے۔

اخباروں کے عالمی صفحہ پر اہم خبریں اس طرح ہیں:
بنگلہ دیش میں‌طلبہ کے پرتشدد مظاہرے، بھارتی سفارتخانے نے اپنے شہریوں کیلئے ایڈوائزری جاری کی۔
اسرائیلی پارلیمنٹ میں فلسطینی ریاست کے قیام کے خلاف قرارداد منظور۔قرارداد کے حق میں 69 ارکان نے ووٹ دیئے جبکہ صرف 9 نے مخالفت کی۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 سرکار پیر سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس میں 6 نئے بل پیش کرے گی، جس میں قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے سے متعلق قانون میں ترمیم کا بل بھی شامل ہے۔
2 بھارت نے سال 2030 تک پانچ کھرب ڈالر کا الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ کا نشانہ مقرر کیا ہے۔
3 خارجہ سکریٹری وکرم مِسری آج بھوٹان کے دو دن کے دورے پر جارہے ہیں۔
4 یوروپی پارلیمنٹ نے یوروپی کمیشن کی صدر کے طور پر پانچ سال کی دوسری مدت کیلئے جرمنی کی Ursula Von Der Leyen's کی امیدواری کو منظوری دے دی ہے۔
5 سرکار آج نئی دلّی میں ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کی نشاندہی کیلئے کھیلو انڈیا پہل کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرنے والی ہے۔
6 اور کرکٹ میں، سری لنکا کے شہر Dambulla میں خواتین کے ایشیا کپ ٹی-ٹونٹی ٹورنامنٹ میں موجودہ چمپئن بھارت، پاکستان کے خلاف میچ کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔